ذِکْرِ نَشْرِ الْخَلَائِقِ مِنْ قُبُوْرِهِمْ قَالَ اِنَّ الْخَلَائِقَ اِذَا نُشِرُوْا

مخلوق کے قبر سے اٹھنے کے بیان میں کہا جاتا ہے کہ مخلوق جب اٹھیگی

مِنْ قُبُوْرِهِمْ یَقِفُوْنَ وُقُوْفًا فِی الْمَوْضِعِ الَّذِیْ نُشِرُوْا مِنْهَا

اپنی قبر سے تو کھڑی ہوگی اس مقام میں کہ جس سے اٹھی

اَرْبَعِیْنَ سَنَةً لَا یَاْکُلُوْنَ وَلَا یَشْرَبُوْنَ وَلَا یَجْلِسُوْنَ وَلَا یَتَکَلَّمُوْنَ

چالیس سال نہ کھائیگی اور نہ پیئے گی اور نہ بیٹھیگی اور نہ کلام کریگی

قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِمَ یَعْرِفُ اَهْلُ الَّذِیْنَ مِنْ اُمَّتِكَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

کہا گیا اے رسول خدا کس چیز سے پہچانے جاینگے آپ کی امت کے ویندار دن قیامت کے

قَالَ اِنَّ اُمَّتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ غُرٌّ مُّحَجَّلُوْنَ مِنْ اٰثَارِ الْوُضُوْءِ وَفِی الْخَبَرِ

فرمایا کہ دن قیامت کے میری امت کے چہرے اور ہاتھ اور پیر سفید ہونگے اثر سے وضو کے اور خبر میں ہے

اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیٰمَةِ یَبْعَثُ اللّٰهُ الْخَلَائِقَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ فَیَاْتِی الْمَلٰئِکَةُ

کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو اٹھائیگا خدا مخلوق کو انکی قبروں سے پھر آئینگے فرشتے

على رؤوس قبورهم ينفضون رؤوسهم وينشرون التراب
اپنی قبروں کے سرہانے جھاڑینگے سر اور جھاڑینگے مٹی

منها إلا من يسجد فيمسح الملائكة تلك المواضع فلا
انکے سروں سے مگر سجدہ کی جگہ سے پس ملینگے فرشتے اس جگہ کو سو نہیں

يذهب التراب منها فينادي مناد من قبل الرحمن ليس هذا
جائیگی مٹی اس جگہ سے پھر آواز دیگا ایک منادی خدا کی طرف سے کہ نہیں ہے یہ

من تراب قبورهم إنما هي تراب محاريبهم دعوها عليهم حتى
انکی قبروں کی مٹی یہ انکی مسجدوں کی مٹی ہے چھوڑ دو اس مٹی کو انکے اوپر تاکہ انکی

يمتازون ويعبرون على الصراط ويدخلون الجنة حتى أن
غیروں سے تمیز ہوا اور گذریں پل صراط سے اور داخل ہوں بہشت میں تاکہ

كل من ينظر إليهم يعلم أنهم خدامي وعبادي وروي عن
جو انکو دیکھے تو جان لے کہ یہ میرے خادم اور بندے ہیں اور روایت ہے

جابر بن عبد الله أنه قال قال رسول الله صلى الله عليه و
جابر بن عبد اللہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ و

آله وسلم إذا كان يوم القيمة يبعث الله من في القبور فيوحي
آلہ وسلم نے کہ جب ہوگا دن قیامت کا تو اٹھائیگا اللہ ان لوگوں کو جو قبروں میں ہیں پھر خبر دیگا

الله تعالى إلى رضوان يا رضوان قد أخرجت الصائمين من
خدا تعالی رضوان کو کہ اے رضوان میں نے نکالا روزہ داروں کو

قبورهم جائعين عاطشين فاستقبلهم بشرابهم وطعامهم
انکی قبروں سے بھوکا پیاسا پس انکے سامنے پیش کر کھانے اور پینے

وشهواتهم في الجنان فيصيح رضوان يا أيها الغلمان ويا أيها
اور انکی خواہشیں جو جنتوں میں ہیں پھر آواز دیگا رضوان اے غلمان اور اے

الولدان وهم الذين لم يبلغوا الحلم حتى ماتوا ائتوني بأطباق
لڑکو (اور یہ وہ لڑکے ہیں کہ نہیں پہنچے بلوغ کو یہانتک کہ مرگئے) لاؤ میرے پاس طباق

النور فيجتمعون عنده أكثر من عدد التراب وقطار الأمطار
نور کے پس جمع ہونگے نزدیک اسکے اور زیادہ خاک کی شمار سے اور مینہ کی بوندوں سے

وكواكب السماء وأوراق الأشجار بالفاكهة الكثيرة والأطعمة
اور آسمان کے تاروں سے اور درخت کے پتوں سے بہت میوے اور روغن دار کھانے

السمينة والأشربة اللذيذة فإذا لقوهم وأطعموهم ذلك تقول
اور لذیذ پینے لیکر پس جبکہ ملاقات کرینگے روزہ داروں سے اور کھلائینگے انکو کھانے تو کہینگے

لهم كلوا واشربوا هنيئا بما اسلفتم في الايام الخالية ۝ اللهم
انکو کھاؤ اور پیو بے کھٹکے بدلا ہو اسکا جو بھیجتے آگے بھیجا پہلے دنوں میں اے خدا
ارزقنا روي عن ابن عباس انه قال قال رسول الله صلى
ہمکو روزی کر یہ روایت ہو ابن عباس رض سے کہا فرمایا رسول خدا صلی
الله عليه وآله وسلم ثلثة نفر صافحهم الملائكة يوم القيمة
الله علیہ وآلہ وسلم نے کہ تین گروہ ہیں کہ انسے مصافحہ کرینگے فرشتے دن قیامت کے
اذا خرجوا من قبورهم الشهداء وصائموا شهر رمضان وصائمو
جبکہ وہ نکلینگے اپنی قبروں سے شہید اور ماہ رمضان کے روزہ رکھنیوالے اور دن عرفہ کے
يوم عرفة وعن عائشة رض انها قالت قال رسول الله صلى الله
روزہ رکھنیوالے اور عائشہ رض سے روایت ہو کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ
عليه وآله وسلم ان في الجنة قصورا من در وياقوت و
علیہ وآلہ وسلم نے کہ جنت میں بالاخانے ہیں موتی اور یاقوت اور
زبرجد وذهب وفضة فقلت يا رسول الله لمن هذا قال
زبرجد اور سونے اور چاندی کے بیس میں نے کہا اے رسول خدا کہ یہ کسکے لیے ہیں فرمایا
لمن صام يوم عرفة وقال يا عائشة ان احب الايام الى الله
اسکے لیے ہیں جو دن عرفہ کے روزہ رکھے اور فرمایا اے عائشہ سب دنوں سے بہتر دن اللہ کے نزدیک
يوم الجمعة ويوم عرفة لما فيهما من الرحمة وان ابغض الايام
دن جمعہ کا ہے اور دن عرفہ کا ہے اس سبب سے کہ ان دنوں میں خدا کی رحمت نازل ہوتی ہے اور سب دنوں سے بدتر دن
الى ابليس يوم الجمعة ويوم عرفة وقال يا عائشة من اصبح
نزدیک شیطان کے دن جمعہ کا ہے اور دن عرفہ کا ہے اور فرمایا اے عائشہ جسنے
صائما يوم عرفة فتح الله عليه ثلثين بابا من الرحمة واذا افطر
روزہ رکھا دن عرفہ کا کھولے گا اوسپر خدا تیس دروازے رحمت کے اور جب افطار کرے
وشرب الماء يستغفر له كل عرق في جسده ويقول اللهم ارحمه
اور پیے پانی تو معافی مانگیگی اوسکے لیے ہر ایک رگ جو اسکے بدن میں ہے اور کہیگی اے خدا رحمت کر اوسپر
الى طلوع الفجر وفي خبر اخر يخرج الصائمون من قبورهم
صبح کے نکلنے تک اور دوسری حدیث میں ہے کہ نکلینگے روزہ دار اپنی قبروں سے
وهم يعرفون بريح صيامهم ويتلقون بالموائد والاباريق ويقال
اور وہ پہچانے جاوینگے اپنے روزے دن کی خوشبو سے اور انکے آگے لائے جاوینگے خوان کھانے کے اور کوزے پانی کے
لهم كلوا فقد جعتم حين شبع الناس واشربوا فقد
اور انکو کہا جاویگا کھاؤ کہ تحقیق تم بھوکے تھے جبکہ لوگ سودہ ہوئے اور پیو کہ تحقیق تم

فعطشهم حين روي الناس واستريحوا فياكلون ويشربون
پیاسے تھے جب کہ لوگ سیراب ہوئے اور آرام پاویں کھاوینگے اور پیوینگے

ويستريحون والناس في الحساب وقد جاء في الخبر انه
اور آرام پاوینگے اور لوگ حساب مین ہونگے اور حدیث مین آیا ہے

لا يبلى عشرة نفر الانبياء والشهداء والعلماء والغزاة و
کہ دس شخص کے بدن قبر مین نہین گلینگے نبی اور شہید اور عالم اور غازی اور

حاملوا القرآن والمؤذن والامام العادل والمرأة اذا ماتت في
حافظ قرآن اور موذن اور بادشاہ عادل اور عورت جبکہ مرے

نفاسها ومن قتل بظلم ومن مات يوم الجمعة او ليلتها وفي الخبر
اپنے نفاس مین اور جو ناحق قتل کیا گیا اور جو دن جمعہ کے یا رات کو جمعہ کے مرا اور حدیث مین

عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم انه يحشر الناس يوم القيامة
نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے روایت ہے کہ اٹھینگے لوگ دن قیامت کے

كما ولدتهم امهاتهم عراة حفاة فقالت عائشة الرجال يختلطون
جیسے انکو جنا انکی مان نے ننگے بدن اور ننگے پیر پس کہا عائشہ نے کہ مرد ملجاوینگے

بالنساء قال نعم قالت واسوأتاه وافضيحتاه ينظر بعضهم بعضا
عورتون سے آپ نے فرمایا ہان کہا عائشہ رض نے ہائے برہنگی ہائے رسوائی کہ بعض دیکھینگے بعض کو

فضرب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يده على منكبها
پس مارا رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنا ہاتھ عائشہ رض کے مونڈھے پر

وقال يا بنت الصديق لا تخافي اشتغل الناس يومئذ عن النظر
اور کہا اے صدیق کی بیٹی خوف نہ کر اسدن لوگ بے پروا ہونگے دیکھنے سے

وهموا وشخصوا ابصارهم الى السماء موقوفون اربعين
اور غمگین ہونگے اور پھٹینگی انکی آنکھین آسمان کی طرف ٹھہرے رہینگے چالیس

سنة لا ياكلون ولا يشربون ولا يجلسون ولا يتكلمون
سال نہ کھاوینگے اور نہ پیوین گے اور نہ بیٹھین گے اور نہ بولین گے

فمنهم من يبلغ العرق الى قدميه ومنهم من يبلغ الى ساقيه
پس بعضون کے پسینے دونون قدم تک پہونچے گا اور بعضون کے دونون پنڈلیون تک پہونچیگا

ومنهم من يبلغ الى بطنه ومنهم من يبلغ الى صدره ومنهم
اور بعضون کے پیٹ تک پہونچے گا اور بعضون کے سینے تک پہونچے گا اور بعضون کے

من يبلغ الى حلقه ومنهم من يغرق في بحر العرق فلا يبقى
حلق تک پہونچے گا اور بعضے پسینے کے دریا مین ڈوب جاوینگے پس نہین باقی رہیگا

يَوْمَئِذٍ مَلَكٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ وَلَا شَهِيدٌ إِلَّا يَخْرُجُونَ

اس دن مقرب فرشتے اور نہ پیغمبر جو بھیجا گیا اور نہ شہید مگر نکلینگے

حَيَارَى مِنْ شِدَّةِ الْحِسَابِ فِي طُولِ الْوُقُوفِ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ

حیران حساب کی سختی اور زیادہ کھڑے رہنے کے ڈر سے کہا عائشہ نے کہ میں نے کہا اے رسول خدا

اللّٰهِ هَلْ يُحْشَرُونَ رُكْبَانًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ نَعَمْ الْأَنْبِيَاءُ وَأَهْلُهُمْ

کیا جمع کیے جاویں گے لوگ سوار ہو کر دن قیامت کے فرمایا آپ نے ہاں نبی اور ان کے اہلبیت

وَصُوَّامُ رَجَبٍ وَشَعْبَانَ وَرَمَضَانَ وَقَالَتْ قُلْتُ هَلْ يُحْشَرُ

اور رجب اور شعبان اور رمضان کے روزے رکھنے والے اور کہا عائشہ نے کہا کیا اٹھایا

شِبَعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ نَعَمْ الْأَنْبِيَاءُ وَأَهْلُهُمْ وَصُوَّامُ رَجَبٍ وَ

جاویگا آسودہ دن قیامت کے فرمایا ہاں نبی اور ان کے اہلبیت اور رجب اور

شَعْبَانَ وَرَمَضَانَ فَإِنَّهُمْ شِبَاعٌ لَا جُوعَ لَهُمْ وَلَا عَطَشَ وَسَائِرُ

شعبان اور رمضان کے روزے رکھنے والے پس یہ لوگ آسودہ ہونگے نہیں ہوگی انکو بھوک اور نہ پیاس اور باقی

النَّاسِ جَائِعُونَ وَيُقَالُ يَسُوقُهُمْ بِأَجْمَعِهِمْ إِلَى أَرْضِ الْمَحْشَرِ عِنْدَ

لوگ بھوکے ہونگے اور کہا جاتا ہے کہ وہ لوگ ان سب کو لیجاویگے زمین محشر کی طرف

بَيْتِ الْمُقَدَّسِ فِي أَرْضٍ يُقَالُ لَهَا سَاهِرَةٌ قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى فَإِنَّمَا

بیت المقدس کے نزدیک اس زمین میں کہ جسکو ساہرہ کہا جاتا ہے فرمایا خدائے تعالی نے کہ سو

هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ۝ وَيُقَالُ إِنَّ الْخَلَائِقَ فِي

وہ قیامت ایک جھڑکی ہے پھر اسی وقت وہ زمین ساہرہ پر ہونگے اور کہا جاتا ہے کہ مخلوق کی

الْعَرَصَاتِ يَكُونُ مِائَةً وَعِشْرِينَ صَفًّا طُولُ كُلِّ صَفٍّ مَسِيرَةُ

میدان قیامت میں ایک سو بیس قطار ہونگے ہر ایک قطار کی لمبائی

أَرْبَعِينَ أَلْفَ سَنَةٍ وَعَرْضُ كُلِّ صَفٍّ مَسِيرَةُ أَلْفِ سَنَةٍ وَيُقَالُ

چالیس ہزار برس کی مسافت ہوگی اور ہر ایک قطار کی چوڑائی ہزار برس کی مسافت ہوگی اور کہا جاتا ہے

إِنَّ الْمُؤْمِنِينَ مِنْهُمْ ثَلَاثُ صُفُوفٍ وَالْبَاقِي كَفَرَةٌ وَرُوِيَ عَنْ

کہ مومنوں کی ان سے تین قطار ہونگے اور باقی سب کافر ہونگے اور روایت ہے

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ

عبد اللہ بن عباس سے انہوں نے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے کہ آپ نے

قَالَ إِنَّ أُمَّتِي مِائَةٌ وَعِشْرُونَ صَفًّا وَهٰذَا أَصَحُّ وَصِفَةُ

فرمایا کہ میری امت کی ایک سو بیس قطار ہونگے اور یہ روایت زیادہ صحیح ہے اور

الْمُؤْمِنِينَ أَنَّهُمْ بِيضُ الْوُجُوهِ غُرٌّ مُحَجَّلُونَ وَصِفَةُ الْكَافِرِينَ أَنَّهُمْ

مومنوں کا حال یہ ہے کہ انکے چہرے اور پیشانی اور ہاتھ اور پیر سفید ہونگے اور کافروں کا یہ حال ہے کہ

اسود الوجوه مقرنين ومعذبين مع الشياطين باب ٢٦

کالے چہرے سیاہ ہونگے زنجیروں میں جکڑے گئے اور عذاب دیئے گئے ہمراہ شیطان کے باب ٢٦

فی ذکر سوق الخلائق الی المحشر يقال يساق الكفرون باقدامهم

مخلوق کے محشر کی طرف لیجانے کے بیان میں کہا جاتا ہے کہ ہانکے جاوینگے کافر اپنے قدموں پر

ويساق المؤمنون بنجائبهم ومراكبهم قال الله تعالى يوم نحشر

اور ہانکے جاوینگے مومن اپنے عمدہ اونٹوں اور سواریوں پر فرمایا اللہ تعالیٰ نے جسدن ہم جمع کرینگے

المتقين الى الرحمن وفدا ونسوق المجرمين الى جهنم وردا قال

پرہیزگاروں کو رحمن کی طرف مہمان اور ہانکینگے گنہگاروں کو دوزخ کی طرف پیاسے فرمایا نبی

عليه السلام يحشر المؤمنون ركبانا على نجائبهم واذا كان

علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جمع کیے جاوینگے مومن اپنے عمدہ اونٹوں پر سوار اور جب ہوگا

يوم القيمة يقول الله تعالى للملئكة لاتمشون على عبادي

دن قیامت کا تو فرمائیگا اللہ تعالیٰ فرشتوں کو نہ لاؤ میرے پاس میرے بندوں کو

راجلين بل اركبوهم على النجائب فانهم اعتادوا الركوب في

پاپیادہ بلکہ انکو سوار کرو عمدہ اونٹوں پر اسواسطے کہ وہ عادی ہوے سواری کے

الدنيا لانه كان في الابتداء صلب ابائهم مركبهم ثم بعد

دنیا میں کیونکہ ابتدا میں اونکے باپ کی پشت انکی سواری تھی پھر اسکے بعد

ذلك رحم امهاتهم تسعة اشهر مركبهم حين ولدتهم امهاتهم حجر

انکی ماں کا رحم نو مہینے انکی سواری تھا پھر جب کہ انکو ماں نے جنا تو انکی ماں کی گود میں

امهاتهم سنتين للرضاع وبعد ذلك عنق ابائهم ثم الخيل و

دو برس دودھ پلانے کیلیے انکی سواری تھی اور اسکے بعد انکے باپ کی گردن انکی سواری تھی

البغال والحمير مراكبهم في البر والسفن في البحار وحين

گھوڑے اور خچروں اور گدھے انکی سواریاں تھیں خشکی میں اور کشتیاں دریاؤں میں اور جب

ماتوا فعنق اخوانهم وحين قاموا عن قبورهم لايمشون

مرے تو انکے بھائیوں کی گردنیں انکی سواریاں تھیں اور جب اٹھینگے قبروں سے تو نہیں چلینگے

راجلا فانهم اعتادوا الركوب ولا يقدرون المشي فقدموا

پاپیادہ کیونکہ وہ عادی ہوے سواری کے اور نہیں طاقت رکھتے ہیں پیدل چلنے کی سو تم حاضر کرو

نجائبهم وهي الضحايا فيركبونها ويقدمون الى المولى فلذلك

انکے عمدہ اونٹ اور وہ قربانیاں ہیں پس وہ اوپر سوار ہونگے اور آوینگے اپنے خدا پاس سو اسی واسطے

قال النبي صلى الله عليه وآله وسلم سمنوا ضحاياكم

فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فربہ کرو اپنی قربانیاں

فإنها على الصراط مطايا كم باب ۲۷ في ذكر حشر الخلائق في الخبر
کیونکہ وہ پل صراط پر تمہاری سواریاں ہونگی باب ۲۷ مخلوق کے جمع کرنے کے بیان میں حدیث میں ہے

إذا كان يوم القيامة يجمع الله تعالى خلق الأولين و
جب ہوگا دن قیامت کا تو جمع کریگا خداے تعالی تمام مخلوق اگلی اور

الآخرين في صعيد واحد وتدنو الشمس من رؤسهم و
پچھلی کو ایک زمین میں اور قریب ہوگا آفتاب انکے سروں سے اور سخت ہوگی

يشتد عليهم يوم القيامة حرها فيخرج عنق من النار كالظل ثم ينادي
اس دن قیامت کے اسکی گرمی پھر نکلیگی ایک گردن آگ سے سایہ کے مانند پھر آواز دیگا

مناد يا معشر الخلائق انطلقوا إلى الظل فينطلقون وهم
ایک منادی کہ اے گروہ مخلوق کے چلو سایہ کی طرف پس چلینگے اور وہ

ثلث فرق فرقة المؤمنين وفرقة الكافرين وفرقة المنافقين
تین گروہ ہونگے ایک گروہ مومنوں کا اور ایک گروہ کافروں کا اور ایک گروہ منافقوں کا

فإذا صارت الخلائق إلى الظل صار الظل ثلثة أقسام قسم
پھر جبکہ مخلوق ہو چکیگی نزدیک سایہ کے تو سایہ کے تین ٹکڑے ہو جاوینگے ایک ٹکڑا

للحرارة وقسم للدخان وقسم للنور فذلك قال الله تعالى
گرمی کا اور ایک ٹکڑا دھوئیں کا اور ایک ٹکڑا نور کا سو اسواسطے فرمایا اللہ تعالی نے

انطلقوا إلى ظل ذي ثلث شعب الآية فالحرارة تقوم على
چلو سایہ کی طرف کہ جسکی تین شاخیں ہیں آخر آیت تک پس گرمی سایہ کریگی

رؤس المنافقين والدخان يقوم على رؤس الكافرين والنور
منافقوں کے سروں پر اور دھواں سایہ کریگا کافروں کے سروں پر اور نور

يقوم على رؤس المؤمنين ثم الحرارة تقوم على رؤس
سایہ کریگا مومنوں کے سروں پر پھر گرمی کا منافقوں کے سر پر سایہ کرنا

المنافقين لأنهم كانوا يحترزون من الحرارة في الدنيا كما
اسواسطے ہے کہ وہ گرمی سے بچتے تھے دنیا میں جیسا کہ

قال الله تعالى وقالوا لا تنفروا في الحر قل نار جهنم أشد حرا
فرمایا خداے تعالی نے بولے منافق مت کوچ کرو گرمی میں تو کہہ دوزخ کی آگ اور زیادہ گرم ہے

لو كانوا يفقهون والدخان على رؤس الكافرين لأنهم
اگر وہ سمجھتے اور دھوئیں کا کافروں کے سر پر سایہ کرنا اسواسطے ہے کہ وہ

كانوا في الدنيا في ظلمات الكفر وفي الآخرة كذلك كقوله تعالى
دنیا میں کفر کے اندھیروں میں تھے سو آخرت میں بھی اسی طرح ہونگے جیسا کہ فرمایا خداے تعالی نے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗـــُٔـھُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى

اور وہ لوگ جو کافر ہیں انکے رفیق شیطان ہیں نکالتے ہیں انکو نور سے

الظُّلُمٰتِ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ھُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَالنُّوْرُ عَلٰى رُءُوْسِ

اندھیروں میں وہ ہیں دوزخ والے وہ اسی میں ہمیشہ رہینگے اور نور کا مومنوں کے سرپر

الْمُؤْمِنِيْنَ لِاَنَّهُمْ كَانُوْا فِى الدُّنْيَا عَلَى النُّوْرِ فَفِى الْاٰخِرَةِ كَذٰلِكَ قَالَ

سایہ کرنا اسواسطے ہے کہ وہ دنیا میں نور پر تھے سو اسیطرح آخرت میں ہونگے فرمایا

اللّٰهُ تَعَالٰى اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَ

خداے تعالی نے خدا ہے رفیق ایمان والوں کا انکو نکالتا ہے اندھیروں سے نور میں اور

قَالَ فِىْ صِفَاتِهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى

فرمایا خداے تعالی نے ایمان والوں کی ان صفتوں میں جو دن قیامت کے ہونگے جسدن تو دیکھے ایمان والے مردوں کو اور عورتوں کو دوڑتا ہے

نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ

انکا نور انکے آگے اور انکے داہنے خوشخبری ہے تمکو آجکے دن باغ ہیں کہ نیچے بہتی ہیں انکے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ سَبْعَةٌ

نہریں اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سات

يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِىْ ظِلِّ عَرْشِهٖ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ اِمَامٌ عَادِلٌ

گروہ ہیں کہ انکو خدا اپنے عرش کے سایہ میں رکھیگا جسدن کوئی سایہ عرش کے سایہ کے سوا نہیں ہوگا بادشاہ عادل

وَشَابٌّ نَشَاَ فِىْ عِبَادَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِى اللّٰهِ وَرَجُلٌ

اور وہ جوان جو خداے تعالی کی بندگی میں بڑھا اور وہ دو مرد جنہوں نے باہم محبت کی اللہ کیواسطے اور وہ مرد

طَلَبَتْهُ امْرَاَةٌ ذَاتُ حُسْنٍ وَّجَمَالٍ فَقَالَ اِنِّىْ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ

جسکو بلایا ایک عورت حسین خوبصورت نے سو اسنے کہا کہ میں ڈرتا ہوں خداسے جو پروردگار ہے

الْعٰلَمِيْنَ وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا عَنِ الرِّيَاۗءِ وَفَاضَتْ عَيْنَاهُ مِنْ

سارے جہان کا اور وہ مرد ہے جسنے ذکر کیا خدا کا خلوت میں بلاریا کے اور بہیں اسکی دونوں آنکھیں

خَشْيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِيَمِيْنِهٖ فَاَخْفَاهَا حَتّٰى لَا يَعْلَمُ

خداے تعالی کے ڈرسے اور وہ مرد ہے جسنے صدقہ کیا اپنے داہنے ہاتھ سے پھر اسکو چھپایا یہانتک

شِمَالُهٗ مَا يُنْفِقُ بِيَمِيْنِهٖ وَرَجُلٌ قَلْبُهٗ مُعَلَّقٌ بِالْمَسْجِدِ اِذَا خَرَجَ مِنْهُ

بایاں ہاتھ نہیں جانتا ہے جو خرچ کرتا ہے داہنے ہاتھ سے اور وہ مرد جسکا دل لگا ہے مسجد میں جبکہ اس سے نکلا

حَتّٰى يَعُوْدَ اِلَيْهِ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

یہانتک کہ پھر آئے اسمیں اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

اِذَا جَمَعَ اللّٰهُ الْخَلَاۗئِقَ يُنَادِيْ مُنَادٍ اَيْنَ اَهْلُ الْفَضْلِ قَالَ فَيَقُوْمُ

جب جمع کریگا اللہ مخلوق کو تو آواز دیگا ایک منادی کہ کہاں ہیں اہل فضل کہا پس کھڑے ہونگے

اُنَاسٌ وَّهُمْ يَسِيْرُوْنَ سِرَاعًا اِلَى الْجَنَّةِ فَتَلْقَاهُمُ الْمَلٰئِكَةُ وَيَقُوْلُوْنَ
چند لوگ اور وہ چلینگے جنت کی طرف دوڑتے ہوئے پس اُنسے ملاقات کرینگے فرشتے اور کہیں گے کہ

اِنَّا نَرٰىكُمْ سِرَاعًا اِلَى الْجَنَّةِ فَمَنْ اَنْتُمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ اَهْلُ الْفَضْلِ
ہم دیکھتے ہیں تمکو جنت کی طرف دوڑتے ہوئے سو تم کون ہو وہ کہیں گے کہ ہم اہل فضل ہیں

فَيَقُوْلُوْنَ مَا كَانَ فَضْلُكُمْ يَقُوْلُوْنَ اِذَا ظُلِمْنَا عَلَيْنَا صَبَرْنَا وَاِذَا
پس فرشتے کہینگے تمکو کیا فضل تھا کہیں گے جب ہمپر ظلم کیا جاتا تو ہم صبر کرتے اور جب

سِيْءَ اِلَيْنَا عَفَوْنَا فَيَقُوْلُوْنَ لَهُمُ الْجَنَّةُ فَهِيَ جَزَاءُ الْعَامِلِيْنَ
ہمکو برائی پہونچائی جاتی تو ہم معاف کرتے سو فرشتے کہینگے انھیں کے لیے جنت ہے یہی ایسے عمل کرنیوالونکا بدلا ہے

ثُمَّ يُنَادِيْ مُنَادٍ اَيْنَ اَهْلُ الصَّبْرِ فَيَقُوْمُ اُنَاسٌ وَّهُمْ يَسِيْرُوْنَ سِرَاعًا
پھر آواز دیگا ایک منادی کہ کہاں ہیں صبر کرنے والے سو کھڑے ہونگے چند لوگ اور وہ چلینگے جنت کی طرف

اِلَى الْجَنَّةِ فَتَلْقَاهُمُ الْمَلٰئِكَةُ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّا نَرٰىكُمْ اِلَى الْجَنَّةِ سِرَاعًا
دوڑتے ہوئے پس اُنسے ملاقات کرینگے فرشتے اور کہینگے ہم دیکھتے ہیں تمکو جنت کی طرف دوڑتے ہوئے

فَمَنْ اَنْتُمْ فَيَقُوْلُوْنَ نَحْنُ اَهْلُ الصَّبْرِ فَيَقُوْلُوْنَ مَا كَانَ صَبْرُكُمْ
سو تم کون ہو وہ کہیں گے کہ ہم اہل صبر ہیں پس فرشتے کہیں گے تمکو کیا صبر تھا

فَيَقُوْلُوْنَ كُنَّا نَصْبِرُ عَلٰى طَاعَةِ اللّٰهِ وَنَصْبِرُ عَنْ مَعَاصِي اللّٰهِ فَيَقُوْلُوْنَ
پس وہ کہیں گے ہم صبر کرتے تھے خدا کی عبادت پر اور صبر کرتے تھے خدا کے گناہوں سے پس انکو فرشتے کہینگے

لَهُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ ثُمَّ يُنَادِيْ مُنَادٍ اَيْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ فِي اللّٰهِ فَيَقُوْمُ
داخل ہو جنت میں پھر آواز دیگا ایک منادی کہاں ہیں باہم اللہ کی راہ میں محبت کرنے والے سو کھڑے ہونگے

اُنَاسٌ وَّهُمْ يَسِيْرُوْنَ اِلَى الْجَنَّةِ سِرَاعًا فَتَلْقَاهُمُ الْمَلٰئِكَةُ وَيَقُوْلُوْنَ
چند لوگ اور وہ چلینگے جنت کی طرف دوڑتے ہوئے پس اُنسے ملاقات کرینگے فرشتے اور کہیں گے کہ

اِنَّا نَرٰىكُمْ سِرَاعًا اِلَى الْجَنَّةِ فَمَنْ اَنْتُمْ فَيَقُوْلُوْنَ نَحْنُ مُتَحَابُّوْنَ
ہم دیکھتے ہیں تمکو جنت کی طرف دوڑتے ہوئے سو تم کون ہو کہیں گے ہم ہیں اللہ کی راہ میں

فِي اللّٰهِ فَيَقُوْلُوْنَ مَا كَانَ تَحَابُّكُمْ فِي اللّٰهِ فَيَقُوْلُوْنَ كُنَّا نَتَحَابُّ فِي اللّٰهِ
باہم محبت کرنے والے پس فرشتے کہینگے تمکو کیا محبت تھی اللہ کی راہ میں کہینگے ہم تھے اللہ کی راہ میں باہم محبت کرنیوالے

وَنَتَبَاذَلُ فِي اللّٰهِ فَيَقُوْلُوْنَ لَهُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ
اور اللہ کی راہ میں خرچ کرتے تھے پس انکو فرشتے کہینگے داخل ہو جنت میں پھر فرمایا نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَيُوْضَعُ الْمِيْزَانُ لِلْحِسَابِ
صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اور رکھی جاویگی ترازو حساب کے لیے

بَعْدَ دُخُوْلِ هٰؤُلَاءِ الْجَنَّةَ وَاَمَّا لِوَاءُ الْحَمْدِ فَوْقَ السَّمٰوَاتِ فَسُئِلَ
ان لوگوں کے جنت میں داخل ہونے کے بعد اور لیکن لواء حمد جو آسمانوں کے اوپر ہے سو سوال کیے گئے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن صفة لواء الحمد و

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس لواء حمد کی صفت اور

طوله فقال طوله مسيرة ألف سنة ومكتوب عليه لا إله

اس کی لمبائی سے پس آپ نے فرمایا کہ اس کی لمبائی ہزار برس کی مسافت ہے اور اس پر لکھا ہوا ہے لا إله

إلا الله محمد رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وعرضه ما بين السماء

إلا الله محمد رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس کی چوڑائی جس قدر کہ آسمان

والأرض سنانه من ياقوت حمراء وقبضته من فضة بيضاء و

اور زمین میں فاصلہ ہے اس کی نوک سرخ یاقوت کی ہے اور اس کا قبضہ سفید چاندی اور

زجه من زبرجد خضراء وله ثلاث ذوائب من النور ذائبة في المغرب

سبز زبرجد سے ہے اور اس کے تین گیسو ہیں نور سے ایک گیسو مغرب میں ہے

وذائبة في المشرق وذائبة في وسط الدنيا ومكتوب عليها ثلاثة

اور ایک گیسو مشرق میں ہے اور ایک گیسو دنیا کے درمیان میں ہے اور اس پر لکھی ہوئی ہیں تین

أسطر السطر الأول بسم الله الرحمن الرحيم والسطر الثاني

سطریں پہلی سطر بسم اللہ الرحمن الرحیم ہے اور دوسری سطر

الحمد لله رب العالمين والسطر الثالث لا إله إلا الله محمد

الحمد للہ رب العالمین ہے اور تیسری سطر لا إله إلا الله محمد

رسول الله صلعم وكل سطر مسيرة ألف سنة وعنده سبعون

رسول اللہ ہے اور ہر سطر ہزار برس کی مسافت ہے اور لواء حمد کے نزدیک ستر ہزار

ألف لواء تحت كل لواء سبعون ألف صف من الملائكة

نشان ہیں ہر نشان کے نیچے ستر ہزار فرشتوں کی قطاریں ہیں

وفي كل صف خمسمائة ألف ملك يسبحون الله ويقدسونه

اور ہر قطار میں پانچ لاکھ فرشتے تسبیح کرتے ہیں اور پاکی بیان کرتے ہیں

وقال محمد بن الجرجاني في معنى لواء الحمد بيدي إذا كان يوم

اور کہا محمد جرجانی نے اس حدیث کے معنی میں (لواء حمد میرے دونوں ہاتھوں میں ہوگا) جب ہوگا دن

القيامة كان اللواء منصوبا والمؤمنون حول لوائه من لدن

قیامت کا تو قائم کیا جاویگا لواء حمد اور سب مومن اس کے گرد ہونگے آدم علیہ السلام کے زمانہ سے

آدم إلى قيام الساعة ويكون الكفار في ناحية من النار ما دام

قیامت کے قائم ہونے تک اور کافر ہونگے دوزخ کے کنارے میں جبتک کہ

اللواء منصوبا وإذا حول اللواء يساق الكفار إلى النار

لواء حمد قائم رہیگا اور جب پھیرا جاویگا اس وقت ہانکے جاوینگے کافر طرف دوزخ کے

وَفِي الْخَبَرِ إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ يُنْصَبُ لِوَاءُ الصِّدْقِ لِأَبِي بَكْرِ
اور حدیث میں ہے جب ہوگا دن قیامت کا تو کھڑا کیا جاوے گا نشان راستی کا ابو بکر صدیق رض کے لیے
ابْنِ الصِّدِّيقِ رض وَكُلُّ صِدِّيقٍ تَحْتَ لِوَائِهِ وَلِوَاءُ الْعَدْلِ لِعُمَرَ رض وَ
اور ہر صدیق انکے نشان کے نیچے ہوگا اور نشان انصاف کا کھڑا کیا جاویگا عمر رض کے لیے اور
كُلُّ عَادِلٍ تَحْتَ لِوَائِهِ وَلِوَاءُ السَّخَاوَةِ لِعُثْمَانَ رض وَكُلُّ سَخِيٍّ تَحْتَ
ہر منصف انکے نشان کے نیچے ہوگا اور نشان سخاوت کا کھڑا کیا جاویگا عثمان رض کے لیے اور ہر سخی
لِوَائِهِ وَلِوَاءُ الشَّهَادَةِ لِعَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ وَكُلُّ شَهِيدٍ تَحْتَ
انکے نشان کے نیچے ہوگا اور نشان شہادت کا علی کرم اللہ وجہہ کے لیے کھڑا کیا جاویگا اور ہر شہید
لِوَائِهِ وَلِوَاءُ الْفِقْهِ لِمُعَاذِ ابْنِ جَبَلٍ وَكُلُّ فَقِيهٍ تَحْتَ لِوَائِهِ وَلِوَاءُ
انکے نشان کے نیچے ہوگا اور نشان فقہ کا معاذ بن جبل رض کے لیے کھڑا کیا جاویگا اور ہر فقیہ انکے نشان کے نیچے
الزُّهْدِ لِأَبِي ذَرٍّ رض وَكُلُّ زَاهِدٍ تَحْتَ لِوَائِهِ وَلِوَاءُ الْفَقْرِ لِأَبِي
ہوگا اور نشان زہد کا ابو ذر رض کے لیے کھڑا کیا جاویگا اور ہر زاہد انکے نشان کے نیچے ہوگا اور نشان فقر کا کھڑا کیا جاویگا
الدَّرْدَاءِ رض وَكُلُّ فَقِيرٍ تَحْتَ لِوَائِهِ وَلِوَاءُ الْقِرَاءَةِ لِأُبَيِّ ابْنِ كَعْبٍ
ابو درداء کے لیے اور ہر فقیر انکے نشان کے نیچے ہوگا اور نشان قرارت کا کھڑا کیا جاویگا ابن کعب کے لیے
وَكُلُّ قَارِئٍ تَحْتَ لِوَائِهِ وَلِوَاءُ الْأَذَانِ لِبِلَالٍ رض وَكُلُّ مُؤَذِّنٍ
اور ہر قاری انکے نشان کے نیچے ہوگا اور نشان اذان کا بلال رض کے لیے کھڑا کیا جاویگا اور ہر مؤذن
تَحْتَ لِوَائِهِ وَلِوَاءُ الْمَقْتُولِ ظُلْمًا لِحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ رض وَكُلُّ مَقْتُولٍ
انکے نشان کے نیچے ہوگا اور نشان ناحق مارڈالے گئے کا حسین ابن علی رض کے لئے کھڑا کیا جاویگا اور ہر ناحق
ظُلْمًا تَحْتَ لِوَائِهِ فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍ
مارڈالا گیا انکے نشان کے نیچے ہوگا سو اسیطرح فرمایا خدائے تعالی نے جسدن کہ ہم بلاوینگے ہر فرقے کو
بِاِمَامِهِمْ وَفِي الْخَبَرِ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ تَقُوْمُ الْخَلَائِقُ وَيَشْتَدُّ
ساتھ انکے سردار کے اور حدیث میں ہے جب ہوگا دن قیامت کا تو کھڑی ہوگی تمام مخلوق اور زیادہ ہوگی
بِهِمُ الْعَطَشُ وَيُلْجِمُهُمُ الْعَرَقُ وَيَكُوْنُوْنَ فِيْ حَيْرَةٍ فَيَبْعَثُ اللّٰهُ
انپر پیاس اور کثرت سے ہونگے انکو پسینے اور حیرت میں ہونگے سو بھیجیگا خدائے تعالی
تَعَالٰى جِبْرَائِيْلَ اِلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى
جبرئیل علیہ السلام کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پس فرماویگا خدائے تعالی
لِجِبْرَائِيْلَ يَا جِبْرَائِيْلُ قُلْ لِمُحَمَّدٍ يَقُوْلُ لِاُمَّتِهٖ حَتّٰى يَدْعُوْنِيْ
جبرئیل کو کہ اے جبرئیل تو کہہ محمد ص کو کہ وہ کہیں اپنی امت کو کہ مجھسے دعا کریں
بِالْاِسْمِ الَّذِيْ كَانُوْا يَدْعُوْنَنِيْ بِهٖ فِي الدُّنْيَا عِنْدَ
جس نام سے دعا کرتے تھے مجھسے دنیا میں وقت

الشِّدَّةِ ثُمَّ يُنَادِي الْأَمَّةُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بِلِسَانٍ وَاحِدٍ وَيَقُولُونَ بِسْمِ

سختیوں کے میں آواز دیگی امت محمدیہ ایک زبان ہوکر اور کہیگی

اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حِيْنَئِذٍ يَقْضِي اللّٰهُ الْقَضَاءَ بَيْنَ الْخَلَائِقِ ثُمَّ

بسم اللہ الرحمن الرحیم اور اسوقت خداے تعالی حکم کرے گا درمیان مخلوق سے پھر

يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى لِسَائِرِ الْأُمَمِ لَوْ لَمْ يَكُنْ ذِكْرُ الْمُحَمَّدِيَّةِ لِـ

فرمائیگا خداے تعالی باقی امتوں کو اگر نہ ذکر کرتی امت محمدیہ میرا

هٰذَا الْاِسْمِ لَا بَقِيْتُ الْقَضَاءَ عَلَيْكُمْ اَلْفَ عَامٍ ثُمَّ يَقْضِي اللّٰهُ تَعَالٰى

اس نام سے تو البتہ تمہیں موقوف رکھتا میں حکم کرنے کو ایک ہزار برس پھر حکم کریگا خدا تعالی

بَيْنَ الْوُحُوْشِ وَالطُّيُوْرِ وَالْبَهَائِمِ حَتّٰى اَنَّهُ يَقْتَصُّ لِلْجَمَّاءِ مِنْ ذَاتِ

درمیان وحشیوں اور پرندوں اور چارپایوں کے یہاں تک کہ بدلہ لیا جاویگا بے سینگ والے کا

الْقَرْنِ ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى لِلْوُحُوْشِ وَالطُّيُوْرِ وَالْبَهَائِمِ كُوْنُوْا

سینگ والے سے پھر فرمائیگا خداے تعالی وحشیوں اور پرندوں اور چارپایوں کو کہ ہوجاؤ

تُرَابًا فَيَكُوْنُوْا تُرَابًا فَعِنْدَ ذٰلِكَ يَقُوْلُ الْكَافِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرَابًا

مٹی سو وہ ہوجاوینگے مٹی بس اسوقت کافر کہے گا کہ کاشکے میں مٹی ہوتا

قَالَ مُقَاتِلٌ رض عَشَرَةٌ مِّنَ الْحَيَوَانِ فِي الْجَنَّةِ نَاقَةُ صَالِحٍ وَعِجْلُ

کہا مقاتل رض نے دس حیوان جنت میں داخل ہونگے صالح علیہ السلام کی اونٹنی اور

اِبْرَاهِيْمَ وَكَبْشُ اِسْمٰعِيْلَ وَبَقَرَةُ مُوْسٰى وَحُوْتُ يُوْنُسَ وَحِمَارُ

ابراہیم علیہ السلام کا بچھڑا اور اسمعیل علیہ السلام کا مینڈھا موسی علیہ السلام کی گاے یونس علیہ السلام کی مچھلی

عُزَيْرٍ وَنَمْلَةُ سُلَيْمَانَ وَهُدْهُدُ بِلْقِيْسَ وَنَاقَةُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

عزیر علیہ السلام کا گدھا سلیمان علیہ السلام کا چیونٹی بلقیس کا ہدہد محمد صلی اللہ

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَكَلْبُ اَصْحَابِ الْكَهْفِ يُصَوِّرُهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

علیہ وآلہ وسلم کی اونٹنی اور اصحاب کہف کا کتا کرے گا اس کتے کو خداے تعالی

عَلٰى صُوْرَةِ كَبْشٍ وَيُدْخِلُهُ فِي الْجَنَّةِ اَلَا تَرٰى اَنَّ الْكَلْبَ اِذَا دَخَلَ

مینڈھے کی صورت پر اور اسکو داخل کریگا جنت میں کیا تو نہیں دیکھتا ہے کہ کتا جب داخل ہوا

فِيْ وَسَطِ الْاَحِبَّاءِ فَلَمْ يَطْرُدُوْهُ وَالْعَاصِيْ اِذَا دَخَلَ فِيْ كَهْفِ

درمیان دوستوں کے تو انھوں نے اسکو نہیں نکالا اور گنہگار جب داخل ہووے

التَّوْحِيْدِ مُدَّةَ خَمْسِيْنَ سَنَةً فَكَيْفَ اَطْرُدُهُ عَنِ الرَّحْمَةِ

توحید کی پناہ میں اندازہ پچاس برس تو اسکو میں کس طرح نکالوں گا رحمت سے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاِسْمُ الْكَلْبِ زَائِلٌ عَنْهُ وَيُسَمُّوْنَهُ قِطْمِيْرًا وَقِيْلَ

دن قیامت کے اور کتے کا نام اس سے دور ہوگا اور اسکا نام رکھینگے قطمیر اور کہا گیا

حِرمانٌ وقیلَ قِطْمِیرٌ ویکونُ لونُهُ اَصْفَرَ وقیلَ یُؤتیٰ بِعالِمٍ
حرمان اور کہا گیا قطمیر اور اسکا رنگ زرد ہوگا اور کہا گیا لایا جاویگا ایک عالم
یومَ القیٰمةِ مِن عُلَماءِ اُمَّةِ محمدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دن قیامت کے امت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عالموں سے
فَیَقِفُ بینَ یدَیِ اللہِ فیقولُ اللہُ تعالیٰ یا جبرائیلُ خُذْ بیدِهٖ واذْهَبْ
پھر کھڑا ہوگا سامنے خدا کے پس کہے گا خدا تعالیٰ اے جبرئیل پکڑ ہاتھ اسکا اور لیجا
بِهٖ الی النبیِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فیأخذُ جبرائیلُ بیدِهٖ و
اسکو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پس پکڑ لیوے جبرئیل علیہ السلام اسکے ہاتھ کو اور
یأتی بهٖ الی النبیِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وهو علی شاطئِ
لاویگا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور آنحضرت کنارے پر
الحوضِ یسقی الناسَ بالآنیةِ فیقومُ النبیُّ صلی اللہ علیہ وآلہ
حوض کوثر کے ہونگے پلاتے ہونگے لوگوں کو آبخوروں سے پس کھڑے ہونگے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم ویسقی العالمَ بکفِّهٖ فیقولُ الناسُ یا رسولَ اللہِ تسقینا
وسلم اور پلاوینگے عالم کو اپنی ہتھیلی سے پس کہینگے لوگ اے رسول خدا آپ ہمکو پلاتے ہیں
بالآنیةِ وتسقی العالمَ بکفِّکَ فیقولُ نعم لانَّ الناسَ کانوا
آبخوروں سے اور پلاتے ہیں عالم کو اپنی ہتھیلی سے آپ فرماوینگے ہاں اس واسطے کہ لوگ
مشتغلینَ فی الدنیا بالتجاراتِ والعالمونَ مشتغلونَ بالعلمِ
مشغول تھے دنیا میں اپنی تجارتوں سے اور عالم مشغول تھے علم سے
قال الفقیهُ ابو اللیثِ السمرقندیُّ افضلُ الاعمالِ موالاتُ
کہا فقیہ ابو اللیث سمرقندی نے نیک عملوں سے افضل عمل دوستی کرنا ہے
الاولیاءِ ومعاداتُ الاعداءِ وعلی هذا جاء فی الخبرِ
خدا کے دوستوں سے اور دشمنی کرنا ہے خدا کے دشمنوں سے اور اسی طرح پر آیا حدیث میں
انَّ موسی علیه السلام ناجی ربَّه فقال له الربُّ هل
کہ موسی علیہ السلام نے اپنے رب سے مناجات کی پس انکو کہا رب نے کیا
عملتَ لی قطُّ قال الٰهی صلیتُ وصمتُ وحمدتُ لکَ وتصدقتُ
تو نے عمل کیا میرے لیے کبھی کہا اے میرے معبود میں نے نماز پڑھی اور روزے رکھے اور تیری ثنا کی اور صدقہ کیا
لاجلکَ وسبّحتُ لکَ وحججتُ لکَ وقرأتُ لکَ کتابکَ
تیرے لیے اور تیری تسبیح کی اور تیرے لیے حج کیا اور تیرے لیے پڑھی تیری کتاب
وذکرتُکَ قال اللہُ تعالیٰ یا موسیٰ اما الصلوٰةُ فلکَ برهانٌ
اور تیرا ذکر کیا فرمایا اللہ تعالیٰ نے اے موسی لیکن نماز سو تیرے لیے دلیل ہو ایمان کی

فَأَمَّا الصَّوْمُ فَلَكَ جُنَّةٌ وَأَمَّا الصَّدَقَةُ فَلَكَ ظِلٌّ وَأَمَّا التَّسْبِيحُ

اور لیکن روزہ سو تیرے لیے ڈھال ہے اور لیکن صدقہ سو تیرے لیے سایہ ہے اور لیکن تسبیح

فَلَكَ أَشْجَارٌ فِي الْجَنَّةِ وَأَمَّا قِرَاءَتُكَ كِتَابِي فَلَكَ حُورٌ وَقُصُورٌ وَ

سو تیرے لیے درخت ہیں جنت میں اور لیکن تیرا پڑھنا میری کتاب کو سو تیرے لیے حور اور بالے خانے ہیں اور

أَمَّا ذِكْرُكَ فَنُورٌ لَكَ وَهَذَا كُلُّهُ لَكَ يَا مُوسَى فَأَيُّ عَمَلٍ عَمِلْتَ لِي

لیکن تیرا ذکر سو تیرے لیے نور ہے پس یہ تمام تیرے لیے ہے اے موسیٰ سو تو نے کون عمل کیا میرے لیے

فَقَالَ دُلَّنِي يَا رَبِّ عَلَى عَمَلِكَ فَقَالَ اللهُ تَعَالَى يَا مُوسَى هَلْ وَالَيْتَ

کہا موسیٰ علیہ السلام نے اے میرے رب بتا مجھکو اپنا عمل پس فرمایا اللہ تعالیٰ نے اے موسیٰ کیا تو نے دوستی کی

أَوْلِيَائِي قَطُّ وَهَلْ عَادَيْتَ أَعْدَائِي قَطُّ فَعَلِمَ مُوسَى أَنَّ

کبھی میرے دوستوں سے اور کیا تو نے دشمنی کی کبھی میرے دشمنوں سے پس جانا موسیٰ علیہ السلام نے کہ

أَفْضَلَ الْأَعْمَالِ الْحُبُّ فِي اللهِ وَالْبُغْضُ فِي اللهِ ثُمَّ يَقْضِي بَيْنَ الْخَلَائِقِ إِذَا

بیشک عملوں سے افضل عمل محبت کرنا ہے اللہ کی راہ میں اور دشمنی کرنا ہے اللہ کی راہ میں پھر خدا حکم کریگا درمیان مخلوق کے جب

وَقَفُوا بَيْنَ يَدَيْ رَبِّ الْعَالَمِينَ فَيُقَالُ أَيْنَ أَصْحَابُ الْمَظَالِمِ فَيُنَادُونَ

کھڑے ہونگے سامنے رب العالمین کے پس کہا جاویگا کہاں ہیں ظلم کرنے والے پس فرشتے آواز دینگے

رَجُلًا فَيُؤْخَذُ مِنْ حَسَنَاتِهِ وَيُدْفَعُ إِلَى مَنْ ظَلَمَهُ يَوْمَ لَا دِينَارَ

ایک شخص کو سو لیا جاویگا اسکی نیکیوں سے اور یہ نیکیاں دی جاوینگی اس شخص کو جسپر اسنے ظلم کیا اسدن کہ نہ دینار ہوگا

وَلَا دِرْهَمَ فَلَا يَزَالُ يَسْتَوْفُونَ حَسَنَاتِهِ حَتَّى لَا يَبْقَى

اور نہ درہم پس ہمیشہ لیتے رہینگے اسکی نیکیاں یہانتک کہ نہیں باقی رہیگی اسکی

حَسَنَةٌ فَيُؤْخَذُ مِنْ سَيِّئَاتِهِ فَتُرَدُّ عَلَيْهِ فَإِذَا فَرَغَ مِنْ حَسَنَاتِهِ

کوئی نیکی پھر لیا جاویگا مظلوم کی بدیوں سے پس وہ بدیاں ظالم پر ڈالی جاوینگی پھر جبکہ ظالم اپنی نیکیوں سے خالی ہوا

يُقَالُ لَهُ ارْجِعْ إِلَى أُمِّكَ الْهَاوِيَةِ فَإِنَّهُ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ إِنَّ اللهَ سَرِيعُ

تو اسکو کہا جاویگا کہ پھر اپنے گھر کو جو دوزخ ہے نہیں ہے ظلم آج کے دن بیشک خدا جلد

الْحِسَابِ يَعْنِي سَرِيعَ الْمُجَازَاتِ وَعَلَى هَذَا فِي الْخَبَرِ وَأَوْحَى اللهُ

حساب لینے والا ہے یعنی جلد بدلا دینے والا ہے اور اسی طرح پر حدیث میں آیا ہے کہ وحی بھیجی

تَعَالَى إِلَى مُوسَى قُلْ لِقَوْمِكَ افْعَلُوا خَصْلَةً وَاحِدَةً أُدْخِلُهُمُ

اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے پاس کہ تو کہہ اپنی قوم کو کہ کریں ایک عمل میں انکو داخل کرونگا

الْجَنَّةَ قَالَ وَمَا هِيَ قَالَ أَنْ يُرْضُوا خُصَمَاءَهُمْ قَالَ إِلَهِي إِنْ

بہشت میں کہا موسیٰ نے وہ کیا عمل ہے فرمایا راضی کریں اپنی خصومت اور دعوی کرنیوالوں کو کہا اے میرے معبود

كَانُوا أَمْوَاتًا قَالَ اللهُ تَعَالَى يَا مُوسَى فَإِنِّي حَيٌّ لَا يَمُوتُ

اگر وہ مر گئے ہوں فرمایا اللہ تعالیٰ نے اے موسیٰ پس میں زندہ ہوں نہیں مرونگا

فلم یرضون قال کیف یرضونک قال اللہ تعالی باربعۃ اشیاء

سوال کیا چاہیے کہ مجھے راضی کریں کہ کسطرح مجھے راضی کریں فرمایا اللہ تعالی نے چار چیز سے

بندامۃ القلب والاستغفار باللسان ودموع العین وخدمۃ

دل کی پشیمانی سے اور زبان کے ساتھ معافی مانگنے سے اور آنکھ کے آنسوؤں سے اور اعضا کی خدمت

الجوارح باب فی ذکر قرب الجنۃ قال اللہ تعالی وازلفت

اعضا باب جنت کے نزدیک ہونے کے بیان میں فرمایا اللہ تعالی نے اور قریب کی گئی

الجنۃ للمتقین وبرزت الجحیم للغوین وفی الخبر اذا کان یوم

جنت واسطے پرہیزگاروں کے اور ظاہر کی گئی دوزخ واسطے گمراہوں کے اور حدیث میں ہے جب ہوگا دن

القیمۃ یقول اللہ تعالی یا جبرائیل قرب الجنۃ للمتقین و

قیامت کا فرمائیگا خداے تعالی اے جبرئیل نزدیک کر جنت کو واسطے پرہیزگاروں کے اور

برز الجحیم للغوین فیقرب الجنۃ الی یمین العرش والجحیم

ظاہر کر دوزخ کو واسطے گمراہوں کے پس نزدیک کی جاویگی جنت داہنی طرف عرش کے اور دوزخ

الی یسار العرش ثم یمد الصراط علی النار وینصب المیزان

بائیں طرف عرش کے پھر قائم کی جاویگی پل صراط دوزخ پر اور کھڑی کی جاویگی ترازو

ثم یقول اللہ این صفیی ادم واین خلیلی ابراھیم واین کلیمی

پھر فرمائیگا خداے تعالی کہاں ہیں میرے صفی آدم اور کہاں ہیں میرے خلیل ابراہیم اور کہاں ہیں میرے کلیم

موسی واین روحی عیسی واین حبیبی محمد المصطفی صلی اللہ علیہ

موسی اور کہاں ہیں میرے روح عیسی اور کہاں ہیں میرے حبیب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وسلم فیقوا عن یمین المیزان ثم یقول اللہ تعالی یا رضوان افتح

کھڑے ہو داہنی طرف ترازو کے پھر فرمائیگا خداے تعالی اے رضوان کھول

ابواب الجنان ویا مالک افتح ابواب النیران ثم یجیئ ملک الرحمۃ

دروازے بہشت کے اور اے مالک کھول دروازے دوزخ کے پھر لائیگا فرشتہ رحمت کا

مع الحلل وملک العذاب مع السلاسل والاغلال والاثواب

ساتھ حلے اور فرشتہ عذاب کا زنجیریں بیڑیاں اور کپڑے

من القطران وینادی مناد یا معشر الخلائق انظروا

تارکول کے اور آواز دیگا ای منادی اے گروہ مخلوق کے نظر کرو

الی المیزان فانہ یوزن عمل فلان ابن فلان ثم

طرف ترازو کے اسواسطے تولے جاتے ہیں عمل فلاں ابن فلاں کے پھر

ینادی منادیا اھل الجنۃ خلود لکم لاموت فیھا ویا اھل النار

آواز دیگا اے جنت والو تمکو ہمیشہ رہنا ہو جنت میں نہیں ہے موت اس میں اور اے دوزخ والو

خلود لكم لا موت فيها فذلك قوله تعالى وانذرهم يوم الحسرة اذ قضي

تمکو ہمیشہ رہنا ہو دوزخ مین نہیں ہو موت اسمیں سو یہ قرآن ہو خداے تعالی کا ڈرا انکو حسرت کے دن سے جبکہ فیصلہ ہو

الامر باب في ذكر اعظم الساعة على العبد في الدنيا والآخرة في الخبر ان

حکم باب ٦٩ سخت تر وقت کے بیان مین جو بندہ پر ہوگا دنیا اور آخرت مین حدیث مین ہو کہ

اعظم الساعة ترد على العبد في الدنيا عند خروج روحه اذا شخصت

سخت تر وقت جو بندسے پر دنیا مین آئیگا اسکی جان کندنی کا وقت ہو جبکہ پھٹین اسکی دونون آنکھیں

عيناه وانتشرت منخراه وتساقطت شفتاه واصفرت خداه واخضر

اور پھیلین اسکے دونون نتھنے اور لٹکین اسکے دونون ہونٹ اور زرد ہون اسکے دونون رخسارے اور سبز ہون

اظفاره وعرق جبهته واشتدت حاله واعضاؤه وانعقد لسانه

اسکے ناخن اور عرق آلود ہو اسکی پیشانی اور سخت ہو اسکا حال اور اسکے اعضا اور بند ہو اسکی زبان

ولا يجيب جوابا ولا يرد كلاما وقد عاين بما قدم على ما خلف

اور نہ دیوے جواب اور نہ رد کرسے کلام اور دیکھے جو آگے بھیجا اس سے جو پیچھے چھوڑا

من امواله وبطل ما سلف من احواله واسترخت مفاصله

اپنے مالون سے اور باطل ہو جو گذرا اسکے حالون سے اور ڈھیلے ہون اسکے جوڑ

وانقطعت اماله وبعدت منه اجزاؤه وتفرق عنه اقرباؤه

اور کٹین اسکی امیدین اور دور ہون اس سے اسکے بدن کے اجزا اور جدا ہون اس سے اسکے رشتہ دار

وودعه الملكان فبقي متحيرا قد تغيرت عقله وتمكن الشيطان

اور رخصت کرین اسکو دونون فرشتے پس رہے حیران بدلے اسکے عقل اور قادر ہو شیطان

من اختلاسه فتلك الساعة عظيمة عليه وقد اغلق باب

اسکے ایمان لیجانے پر سو یہ وقت اسپر نہایت سخت ہو اور بند ہوا ہو دروازہ

التوبة فافضل ما يقول العبد في ذلك الوقت كلمة الشهادة

توبہ کا پس بہتر چیز جو بندہ اسوقت مین کہے کلمہ شہادت ہو

واما اعظم الساعة ترد عليه في الآخرة اذا نفخ في الصور وبعث

اور سخت تر وقت جو بندے پر آخرت مین آئیگا وہ وقت ہو کہ جب پھونکا جاوے صور اور اٹھیں

ما في القبور وتعلق المظلوم بالظالم ويكون الشهود

جو قبرون مین ہیں اور پکڑے مظلوم ظالم کو اور ہوویں گواہ

الملائكة والسائل هو الله تعالى والعذاب في جهنم والنعيم

فرشتے اور سوال کرنے والا خداے تعالی اور عذاب ہو دوزخ مین اور نعمت ہو

في الجنة وتضع كل ذات حمل حملها وترى الناس سكرى

بہشت مین اور ڈالے ہر پیٹ والی اپنا پیٹ اور تو دیکھے لوگون کو نشے والے

وما هم بسكرى ولكن عذاب الله شديد وترى الولدان شيبا في

اور نہیں ہیں وہ نشے والے اور لیکن عذاب اللہ کا سخت ہے اور تو دیکھے بچوں کو بوڑھے

ذلك اليوم قال الله تعالى ان كانت الا صيحة واحدة الاية

اُس دن فرمایا اللہ تعالی نے نہیں ہے دوسرا نفخہ مگر ایک سخت آواز تا آخر آیت

وسيق الذين كفروا الى جهنم زمرا وسيق الذين اتقوا ربهم

اور ہانکے جاوینگے کافر دوزخ کو گروہ گروہ اور ہانکے جاوینگے جو ڈرتے رہے اپنے رب سے

الى الجنة زمرا ويقال يشهد عليك سبعة شهود منها المكان

بہشت کو گروہ گروہ اور کہا جاتا ہے تجھپر گواہی دینگے سات گواہ ایک ان میں سے مکان ہے

قال الله تعالى يومئذ تحدث اخبارها والزمان كما جاء

فرمایا اللہ تعالی نے اُسدن بیان کریگی زمین اپنی خبریں اور زمانہ ہے جیسا کہ آیا

في الخبر وينادي الزمان كل يوم انا يوم جديد وانا على

حدیث میں آواز دیتا ہے زمانہ ہر روز میں نیا دن ہوں اور میں اُسپر جو کرتا ہے

ما تعمل شهيد واللسان قال الله تعالى يوم تشهد عليهم السنتهم

گواہ ہوں اور زبان ہے فرمایا اللہ تعالی نے جسدن کہ گواہی دینگی اُنپر اُنکی زبانیں

وايديهم وارجلهم والملكان قال الله تعالى وان عليكم لحفظين

اور اُنکے ہاتھ اور اُنکے پیر اور دو فرشتے ہیں فرمایا اللہ تعالی نے اور تمپر نگہبان مقرر ہیں

كراما كاتبين يعلمون ما تفعلون ۝ والديوان قال الله

سردار لکھنے والے جانتے ہیں جو تم کرتے ہو اور دفتر یعنی نامہ اعمال ہے فرمایا

تعالى هذا كتابنا ينطق عليكم بالحق والرحمن قال الله

اللہ تعالی نے یہ ہمارا دفتر ہے بولتا ہے تمہارے کام ٹھیک اور رحمن ہے فرمایا اللہ

تعالى الا كنا عليكم شهودا فكيف يكون ذلك يا عاصي اذا

تعالی نے مگر ہم ہیں تمپر گواہ پس تیرا کیا حال ہوگا اے عاصی بعد دیکھے

شهدوا عليك هؤلاء الشهود باب ٣١ في ذكر نظائر الكتب

گواہی دی تجھپر ان گواہوں نے باب ٣١ قیامت کے دن عملنامے کھلنے کے

يوم القيمة حلى عن ابي ذر قال قال رسول الله صلى الله عليه

بیان میں منقول ہے ابو ذر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ

واله وسلم ما من احد الا وله في كل يوم صحيفة جديدة

وآلہ وسلم نے ہر شخص کے واسطے ہر روز ایک نیا اعمالنامہ ہے

فاذا طويت وليس فيها استغفار فهي مظلمة واذا طويت

پس جبکہ لپیٹا جاوے اور نہ ہو اُسمیں استغفار سو وہ تاریک ہے اور جب کہ لپیٹا جاوے

وَفِيهَا اِسْتِغْفَارٌ فَفِيهَا نُورٌ يَتَلَأْلَؤُ قَالَ الْفَقِيهُ اَبُو اللَّيْثِ السَّمَرْقَنْدِيُّ

اور اُس مین استغفار ہو سو اُس مین نور چمکتا ہو کہا فقیہ ابو اللیث سمرقندی نے

مَا مِنْ اَحَدٍ فِي الدُّنْيَا اِلَّا وَعَلَيْهِ مَلَكَانِ مُوَكَّلَانِ مِنَ اللّٰهِ

دنیا مین ہر شخص پر دو فرشتے مقرر ہین خدائے تعالیٰ کی طرف سے

تَعَالٰى يَحْفَظَانِهِ لَيْلًا وَنَهَارًا وَيَكْتُبَانِ عَلَيْهِ اَنْفَاسَهُ وَاَعْمَالَهُ

اُسکی نگہبانی کرتے ہین رات دن اور اُس پر لکھتے ہین اُسکی سانس اور عمل

خَيْرًا وَشَرًّا وَجِدًّا وَهَزْلًا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِنَّ عَلَيْكُمْ

نیک اور بد اور ٹھٹک اور مسخرا پن فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ تم پر نگہبان مقرر ہین

لَحٰفِظِيْنَ فَيُرْفَعَانِ لَهُ كُلَّ يَوْمٍ مَا كِتَابًا وَكُلَّ لَيْلَةٍ كِتَابًا وَ

پس وہ اوپر لیجاتے ہین اُسکا ہر روز عمل نامہ اور ہر رات عمل نامہ اور جمع کیے جاتے ہین

يُجْمَعُ كُلَّ سَنَةٍ كُتُبُهُ فِي لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَقِيْلَ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ

ہر سال اُسکے عمل نامے شعبان کی پندرھوین رات مین اور کہا گیا شب قدر مین

وَيُطْرَحُ لَغْوُ كَلَامِهِ وَيُجْعَلُ لِكُلِّ كِتَابٍ سِجِلَّةٌ وَلَمَّا جَاءَ اَجَلُ اَحَدٍ

اور نکال دیا جاتا ہے اُسکا بیہودہ کلام اور تیار کیا جاتا ہے ہر نامہ اعمال کے لیے ایک مہر شدہ نامہ اور جبکہ آتی کسیکی موت

وَوَقَعَ فِي النَّزْعِ يُجْمَعُ تِلْكَ السِّجِلَّاتُ بَعْضُهَا بِبَعْضٍ فَلَمَّا خَرَجَتْ

اور پڑے جانکندنی مین تو جمع کیے جاتے ہین یہ مہر شدہ نامے تو بتو سو جب نکلی

رُوْحُهُ تُطْوٰى وَيُخْتَمُ عَلَيْهَا وَتُعَلَّقُ فِي عُنُقِهِ وَيُجْعَلُ مَعَهُ فِي قَبْرِهٖ

اُسکی روح تو لپیٹے جاتے ہین اور اُن پر مہر کی جاتی ہو اور لٹکا دیجاتی ہین اُسکی گردن مین اور داخل کیے جاتے ہین اُسکے ساتھ قبر مین

وَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهُ فِي عُنُقِهٖ اَيْ

اور اسی طرح فرمایا خدائے تعالیٰ نے ہمنے لازم کیا ہر انسان کی گردن مین اُسکا عمل نامہ یعنی

قَلَّدْنَاهُ دِيْوَانَ عَمَلِهِ وَاِنَّمَا خَصَّ الْعُنُقَ لِاَنَّهُ مَوْضِعُ الْقِلَادَةِ

ہمنے اُسکے گلے کا ہار کیا نامۂ اعمال کو اور خاص کی گئی گردن اس واسطے کہ وہ ہار اور طوق کی جگہ ہے

وَالطَّوْقِ مِمَّا يُزَيَّنُ وَيُشَيَّنُ وَنُخْرِجُ لَهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰهُ

اُس چیز سے کہ زینت دیجاتی ہو اور ظاہر کی جاتی ہو اور ہم نکالینگے اُسکے واسطے دن قیامت کے نامۂ اعمال کو کہ

مَنْشُوْرًا وَنَقُوْلُ لَهُ اِقْرَأْ كِتٰبَكَ الَّذِيْ اَمْلَيْتَهُ فِي مَظَالِمِ الدُّنْيَا

پاویگا اُسکو کھلا اور ہم کہینگے اُسکو پڑھ اپنا عمل نامہ کہ اُسکو تو نے بھرا ہے ظلموں سے دنیا مین

كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا فَاِذَا جَمَعَ اللّٰهُ الْخَلَائِقَ فِي

کافی ہو تو ہی آج کے دن اپنا حساب لینے والا پس جبکہ جمع کریگا خدا تمام مخلوق کو

عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ وَاَرَادَ اَنْ يُحَاسِبَهُمْ تَتَطَايَرُ عَلَيْهِمْ كُتُبُهُمْ كَتَطَايُرِ الثَّلْجِ

قیامت کے میدان مین اور قصد کریگا کہ حساب لے اُنسے تو پھیل پڑینگے اُنپر اُنکے عمل نامے برف کے پھیلنے کی طرح

وَيُنَادِي مُنَادٍ يَا فُلَانُ خُذْ كِتَابَكَ بِيَمِينِكَ وَيَا فُلَانُ خُذْ كِتَابَكَ
اور آواز دیگا ایک منادی ای فلان لے اپنا نامہ اعمال داہنے ہاتھ مین اور ای فلان لے اپنا عمل نامہ
بِشِمَالِكَ وَيَا فُلَانُ خُذْ كِتَابَكَ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِكَ فَلَا يَبْقَىٰ أَحَدٌ
بائین ہاتھ مین اور اے فلان لے اپنا عمل نامہ اپنے پیٹھ کے پیچھے سے پس کوئی نہین
أَنْ يَأْخُذَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ إِلَّا السُّعَدَاءُ وَالْأَتْقِيَاءُ فَإِنَّهُمْ يَأْخُذُونَ
لے سکیگا اپنا عمل نامہ داہنے ہاتھ مین مگر جو نیک بخت ہین اور پرہیزگار ہین سو وہ لینگے
كِتَابَهُمْ بِأَيْمَانِهِمْ وَالْأَشْقِيَاءُ بِشَمَائِلِهِمْ وَالْكُفَّارُ مِنْ وَرَاءِ ظُهُورِهِمْ
اپنا عمل نامہ داہنے ہاتھون مین اور بدبخت لینگے اپنا عمل نامہ بائین ہاتھون سے اور کافر لینگے پیٹھ کے پیچھے سے
كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ الْآيَة وَكَذٰلِكَ
جیسا کہ فرمایا خداے تعالی نے لیکن جو دیا گیا عمل نامہ اپنا داہنے ہاتھ مین تا آخر آیت اور اسی طرح
النَّاسُ فِي الْمُحَاسَبَةِ عَلَىٰ ثَلٰثِ طَبَقَاتٍ طَبَقَةٌ يُحَاسَبُونَ ثُمَّ
لوگ تمام حساب مین تین گروہ ہونگے ایک گروہ کا حساب ہوگا پھر
يَهْلِكُونَ وَهُمُ الْكُفَّارُ وَطَبَقَةٌ يُحَاسَبُونَ حِسَابًا يَسِيرًا وَهُمُ الْأَتْقِيَاءُ
وہ ہلاک ہونگے اور یہ لوگ کافر ہین اور ایک گروہ کا حساب ہوگا آسان حساب اور یہ لوگ پرہیزگار ہین
وَطَبَقَةٌ يُحَاسَبُونَ وَيُنَاقَشُونَ ثُمَّ يَنْجُونَ وَهُمُ الْعُصَاةُ وَفِي
اور ایک گروہ کا حساب ہوگا اور سختی کی جاویگی انسے حساب مین پھر نجات پاوینگے اور یہ لوگ گنہگار ہین اور
الْحَدِيثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا يَزُولُ
حدیث مین نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے روایت ہے کہ آپنے فرمایا ہمیشہ ثابت رہینگے
قَدَمَاكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ عُمُرِكَ فِيمَا أَفْنَيْتَهُ
تیرے دونون قدم قیامت کے دن خدا کے سامنے یہانتک کہ تجھسے سوال ہوگا عمر کا کہ تونے کس چیز مین کھویا
وَعَنْ مَالِكَ مِنْ أَيْنَ كَسَبْتَهُ وَأَيْنَ صَرَفْتَهُ وَتُسْأَلُ عَمَّا فِي كِتَابِكَ
اور سوال ہوگا مال سے کہ کہان سے تونے اسکو کمایا اور کہان اسکو خرچ کیا اور سوال ہوگا اس سے جو تیرے نامۂ اعمال مین ہے
فَإِذَا بَلَغَ آخِرَ الْكِتَابِ يَقُولُ اللّٰهُ تَعَالَىٰ يَا عَبْدِي كُلُّ هٰذَا عَمِلْتَهُ
پس جبکہ تمام ہوگا عمل نامہ تو فرمایگا خداے تعالی اے میرے بندے یہ سب تونے کیا ہے
أَنْتَ أَوْ أَنَّ مَلَائِكَتِي زَادُوا عَلَيْكَ فِي كِتَابِكَ قَالَ لَا يَا رَبِّ وَلٰكِنِّي
یا میرے فرشتون نے زیادتی کی ہے تجھپر تیرے عملنامہ کے لکھنے مین بندہ کہیگا نہین اے رب میرے لیکن
فَعَلْتُ ذٰلِكَ كُلَّهُ فَيَقُولُ اللّٰهُ تَعَالَىٰ أَنَا الَّذِي سَتَرْتُهَا عَلَيْكَ فِي
یہ سب مین نے کیا ہے پھر فرمایگا خداے تعالی مین نے چھپائے وہ سب عمل تیرے
الدُّنْيَا وَأَنَا أَغْفِرُهَا لَكَ الْيَوْمَ فَاذْهَبْ فَإِنِّي قَدْ غَفَرْتُهَا وَهٰذَا مِنْ
دنیا مین اور مین انکو معاف کرتا ہون تیرے لیے آج کے دن سو تو جا مین نے سب معاف کیے اور یہ وہ شخص ہے

يُنَاقَشُ فِي الْحِسَابِ ثُمَّ يَنْجُو بِفَضْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاَمَّا الَّذِيْ يُحَاسَبُ

کہ جس سے جرح کی جاویگی حساب میں پھر نجات پاویگا فضل سے خدائے تعالیٰ کے اور لیکن وہ شخص جس سے

حِسَابًا يَّسِيْرًا فَهُوَ مِنْ جُمْلَةِ الَّذِيْنَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَاَمَّا مَنْ

حساب ہوگا آسان حساب سو وہ ان لوگوں کے گروہ سے ہے کہ جنکی شان میں خدائے تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے لیکن جو

اُوْتِيَ كِتَابَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا فَسُئِلَ عَنِ

دیا گیا اپنا عمل نامہ داہنے ہاتھ میں سو عنقریب اس سے حساب ہوگا آسان حساب پھر دریافت کیا گیا

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا الْحِسَابُ الْيَسِيْرُ قَالَ يَنْظُرُ

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ حساب آسان کیونکر ہوگا فرمایا نظر کریگا

الرَّجُلُ فِيْ كِتَابِهٖ فَيَتَجَاوَزُ عَنْهُ وَيُقَالُ مِثْلُ مُحَاسَبَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

مرد اپنے عمل نامہ میں پھر معاف کیا جاویگا اس سے اور کہا گیا حساب کرنا خدائے تعالیٰ کا

مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كَمُعَامَلَةِ يُوْسُفَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَعَ

مومنوں سے دن قیامت کے اسی طرح ہوگا جیسے برتاؤ کرنا حضرت یوسف علیہ السلام کا اپنے

اِخْوَانِهٖ حَيْثُ قَالَ لَهُمْ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ فَلِذٰلِكَ يَقُوْلُ

بھائیوں سے جبکہ کہا یوسف علیہ السلام نے انکو کہ نہیں ہے ملامت تم پر آج کے دن سو اسی طرح فرمائیگا

اللّٰهُ تَعَالٰى يَا عِبَادِيْ هَلْ عَلِمْتُمْ مَا فَعَلْتُمْ حِيْنَ جِئْتُمْ فَلَا يَقُوْلُوْنَ فِيْ

خدائے تعالیٰ اے میرے بندو کیا جانتے ہو جو کیا جبکہ تم آئے سو وہ نہیں بولینگے

جَوَابِ هٰذَا الْخِطَابِ عَلِمْنَا مَا فَعَلْنَا فَاِنَّهٗ لَا طَاقَةَ لَهُمْ فِيْ جَوَابِ

اس کلام کے جواب میں کہ ہمنے جانا جو ہمنے کیا کیونکہ انکو طاقت نہیں ہے اس کلام کے جواب کی

هٰذَا الْخِطَابِ وَفِي الْخَبَرِ اَنَّهٗ لَمَّا اَرَادَ اللّٰهُ مُحَاسَبَةَ الْخَلَائِقِ يُنَادِيْ

اور حدیث میں ہے کہ جب چاہیگا خدا بندوں سے حساب لینا تو آواز دیگا

مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَيْنَ النَّبِيُّ الْهَاشِمِيُّ الْقُرَيْشِيُّ فَيَعْرِضُ

ایک منادی خدائے تعالیٰ کی طرف سے کہاں ہیں نبی ہاشمی قریشی پس تشریف لائینگے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَيَحْمَدُ اللّٰهَ وَيُثْنِيْ عَلَيْهِ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حمد کرینگے خدا کی اور ثنا کرینگے اسکی

اَثْنِيَةً يَتَعَجَّبُ الْخَلَائِقُ مِنْهُ فَيَسْاَلُ رَبَّهٗ اَنْ لَا يَفْضَحَ اُمَّتَهٗ

ایسی ثنا کہ تعجب کریں تمام مخلوقات آنحضرت کی حمد و ثنا سے پھر آپ سوال کرینگے اپنے رب سے کہ نہ رسوا کرے میری امت کو

فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَعْرِضْ اُمَّتَكَ يَا مُحَمَّدُ صلعم فَيَعْرِضُ فَيَقُوْمُ كُلُّ وَاحِدٍ

پس فرمائیگا خدائے تعالیٰ حاضر کرو اپنی امت کو اے محمد صلعم پس آپ حاضر کرینگے پس کھڑا ہوگا ہر شخص

لِيَوْمِ الْحِسَابِ حَتّٰى يُحَاسِبَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَمَنْ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا

روز حساب کیلئے یہانتک کہ حساب لیگا اس سے خدائے تعالیٰ سو جس سے حساب ہو آسان حساب

لا يغضب الله عليه ويجعل سيئاته داخل صحيفته وحسناته
تو نہین غصہ کریگا خدا اسپر اور کریگا اسکی بدیان اندر اسکے عمل نامہ کے اور اسکی نیکیان

في ظاهر صحيفته ويوضع على رأسه تاج مكلل باللؤلؤ والجواهر
اوپر اسکے عمل نامہ کے اور رکھا جاویگا اسکے سر پر ایک تاج جڑا ہوا موتی اور جواہر کا

ويلبسه سبعين حلة ويعطى له ثلاثة أسورة سوار من الذهب
اور پہنایگا خدا اسکو ستر حلے اور دیگا اسکو تین کنگن ایک کنگن سونے کا

وسوار من الفضة وسوار من اللؤلؤ فيرجع إلى إخوانه
اور ایک کنگن چاندی کا اور ایک کنگن موتی کا پھر وہ پھریگا اپنے بھائیون کی طرف

المؤمنين فلا يعرفونه من جماله وكماله ويكون بيمينه كتابه
جو مومن ہین سو اسکو نہین پہچانینگے اسکی خوبصورتی اور کمال کے سبب سے اور اسکے داہنے ہاتھ مین

وفيه جميع حسناته والبراءة من النار مع الخلد في
اسکا عمل نامہ ہوگا اور اسمین اسکی تمام نیکیان لکھی ہین اور اسکا رہا ہونا دوزخ سے معہ ہمیشہ رہنے کے

الجنة فيقول لهم أتعرفوني أنا فلان ابن فلان قد
بہشت مین لکھا ہوا ہے پھر انکو کہیگا کیا تم پہچانتے ہو مین فلان بیٹا فلان کا ہون تحقیق

أكرم الله لي وبرأني من النار وخلدني في دار الجنان فكذلك
عزت دی مجھکو خدا نے اور رہائی دی مجھکو دوزخ سے اور ہمیشگی دی مجھکو بہشت مین پس اسی طرح

قوله تعالى فأما من أوتي كتابه بيمينه فسوف يحاسب حسابا
فرمایا خدا تعالی نے جو شخص دیا گیا نامہ اعمال داہنے ہاتھ مین تو اس سے حساب ہوگا آسان حساب

يسيرا وينقلب إلى أهله مسرورا ومنهم من يؤتى كتابه
اور پھر کر آویگا اپنے لوگون کے پاس خوش حال اور ان مین سے وہ ہے جو دیا جاویگا اپنا عمل نامہ

بشماله ويجعل كل حسنة عملها في باطن كتابه وكل سيئة
بائین ہاتھ مین اور کردی جاویگی جو نیکی اسنے کی ہے اندر اسکے عمل نامہ کے اور جو بدی

عملها في ظاهر كتابه ويكون له عذاب شديد وذلك لكفا
اسنے کی ہے اوپر اسکے عمل نامہ کے اور ہوگا اسکو سخت عذاب اور یہ حال کافرون کا ہے

لأن الحسنات مع الكفر لا حساب لها ولا منفعة لها وذلك
کیونکہ نیکیون کا کفر کے ساتھ کوئی اعتبار نہین اور نہ کوئی انکا فائدہ ہے اور یہ ہے

من صفات الكفرين ويجد أسنانه مثل جبل أحد وقبيس
کافرون کی صفت اور پاویگا کافر اپنے دانتون کو کوہ احد مین اور قبیس کے مانند اور یہ دو

جبلان بمدينة ومكة ويكون على رأسه تاج من النار ويلبسه حلة
دو پہاڑ ہین احد مدینہ مین ہے اور قبیس مکہ مین ہے اور ہوگا اسکے سر پر ایک تاج آگ سے اور پہنایگا اسکو جامہ ایک

من النحاس المذاب ويقلد على عنقه جبل من كبريت و

پگھلے تانبے کا اور لٹکایا جاویگا اسکی گردن پر ایک پہاڑ گندھک کا اور

يشتعل في النار ويغل يداه الى عنقه ويسود وجهه وتزرق

بھڑکے گا آگ میں اور باندھے جاوینگے اسکے دونوں ہاتھ طوق میں گردن کی طرف اور سیاہ ہوگا اسکا چہرہ اور کرنجی ہونگی

عيناه فيرجع الى اخوانه الكافرين فاذا راوه فزعوا منه وفروا

اسکی دونوں آنکھیں پھر وہ پھریگا طرف اپنے بھائیوں کے جو کافر ہیں پس جب وہ اسکو دیکھینگے تو خوف زدہ ہونگے اور بھاگینگے

منه ولا يعرفونه حتى يقول انا فلان ابن فلان ثم

اس سے اور نہیں پہچانینگے اسکو یہاں تک کہ وہ کافر کہیگا کہ میں فلان بیٹا فلان کا ہوں پھر

يجرونه على وجهه الى النار فهؤلاء الكفار الذين يؤتى كتابهم

گھسیٹینگے اسکو فرشتے منہ کے بل طرف دوزخ کے پس یہ لوگ کافر ہیں کہ جنکو دیا جاویگا نامہ اعمال

بشمالهم فانهم لا ياخذونها بشمالهم ولكن ياخذونها من

بائیں ہاتھ میں سو نہیں لینگے اسکو بائیں ہاتھ میں اور لیکن لینگے اسکو

